بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

مرکزی میڈیا آفس

پیر، 29 ذی القعد، 1438ھ | 21/08/2017 | نمبر: 1438 AH/056

پریس ریلیز

﴿وَاللَّهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ﴾

"اور اللہ تعالیٰ اپنی روشنی کو پورا کر کے رہے گا خواہ کافروں کو کتنا ہی ناگوار ہو" (الصف:8)

یوٹیوب انتظامیہ نے اپنی سائٹ پر حزب التحریر کے چینلز کو بند کر دیا ہے۔ یہ سب اسلام اور اس کے داعیوں کے خلاف ایک عالمی مہم کے تحت ہو رہا ہے جو اسلامی زندگی کے از سر نو آغاز اور نبوت کے طرز پر اسلامی ریاست (خلافت) کے قیام کے لیے کام کر رہے ہیں۔ صرف پچھلے مہینے میں حزب کے چار بڑے چینلز کو بند کر دیا گیا جس میں ہزاروں ریکارڈنگز تھیں۔

1۔2017/07/20 کو فلسطین کی مقدس زمین سے حزب التحریر میڈیا آفس کے چینل کو بند کر دیا گیا جس میں گذشتہ دس سال سے ہونے والی دعوت کا ریکارڈ محفوظ تھا۔

2۔2017/08/10 کو شام میں حزب التحریر کے میڈیا آفس کے چینل کو بند کر دیا گیا۔

3۔2017/08/12 کو منبر الامت چینل کو بند کر دیا گیا۔

4۔2017/08/16 کو اوپچ ٹی میڈیا کی ویب سائٹ کو بند کر دیا گیا جو حزب التحریر کے مرکزی میڈیا آفس کا سب سے پرانا چینل تھا۔

ان تمام اقدامات سے ان لوگوں کے جھوٹ اور جھوٹے دعوے بے نقاب ہو جاتے ہیں جب یہ اظہار رائے کی آزادی کے دعوے کرتے ہیں اور ان کی منافقت بھی عیاں ہو جاتی ہے جب یہ لوگ جمہوریت کو بطور ایک بہترین عقیدہ کے پیش کرتے ہیں جبکہ جمہوریت تو مکڑی کے جال سے بھی زیادہ کمزور ہے۔

ہر کوئی جانتا ہے کہ مغربی ممالک بلخصوص امریکہ کے پاس سب سے زیادہ وسائل ہیں جو انسانی تاریخ کے کسی بھی ریاست یا طاقت کے پاس نہیں تھے، اور ان وسائل کا شمار یہاں ضروری بھی نہیں۔ لیکن یوٹیوب انتظامیہ حزب التحریر کے چینلز کے خلاف لڑ رہی ہے اور یہ سب کرنے سے مندرجہ ذیل باتیں واضح ہو جاتی ہیں:

-ان کا اس سچائی کو تسلیم کرنا کہ حزب التحریر کا ایک ایک منبع اسلام کے دشمنوں کے تمام تر گولا بارود، بموں، راکٹوں اور سیٹلائیٹس سے زیادہ مضبوط اور طاقتور ہیں جس نے ساری دنیا کو ہر طرف سے گھرا ہوا ہے۔

﴿بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ﴾

"بلکہ ہم سچ کو جھوٹ پر کھینچ مارتے ہیں تو وہ اس کا سر توڑ دیتا ہے اور جھوٹ اسی وقت نابود ہو جاتا ہے۔ اور جو باتیں تم بناتے ہو ان سے تمہاری ہی خرابی ہے" (الانبیاء:18)

-ان کا تسلیم کرنا کہ ان کی جمہوریت ناکارہ اور دھوکا ہے اور دلیل کا دلیل سے جواب دینے کی صلاحیت نہیں رکھتی اور اس کے بجائے حق کی آواز کو خاموش کرنے کے لئے بیکار، کمزور اور مضحکہ خیز کوششوں میں ظالمانہ آمریتوں کے طریقوں کا سہارا لیتی ہے۔ اگر وہ سمجھتے ہیں یا سمجھ سکتے ہیں یا سمجھ کا مادہ رکھتے ہیں تو وہ ہماری طرف سے سنجیدہ اور دانشورانہ عقلی بحث کی دعوت کو قبول کر لیتے، لیکن ان اقدامات کے ساتھ انہوں نے پہلے سے ہی اپنی شکست کو قبول کر لیا ہے۔ تو ان کو ہمیں بتانا ہو گا کہ ان کی جمہوریت سٹالین کی جمہوریت اور وینسٹن چرچل، جارج بش، ٹونی بلیئر اور ان جیسے دیگر مجرموں سے کیسے مختلف ہے۔

ٹیلیفون/فیکس: 009611307594 موبائل: 0096171724043
ای میل: ws-cmo@hizb-ut-tahrir.info
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info

- اسلام اور مسلمانوں کی گہری نفرت کا اظہار کرتے ہوئے، اور مغربی ممالک اور اس کے پیروکاروں نے اسلامی ممالک میں اسلام اور حزب التحریر کے خلاف جنگ کا آغاز کیا۔ حزب التحریر جس کو اپنی سچائی کی وجہ سے سیاسی قیادت حاصل ہے، جو مسلسل دن رات نبوت کے طرز پر دوبارہ خلافت راشدہ قائم کرنے کے ذریعہ اسلامی زندگی کا از سر نو آغاز کرنا چاہتی ہے؛ جو اللہ کا وعدہ اور اس کے رسول ﷺ کی خوشخبری ہے۔ ان کی یہ جنگ ہر سطح پر جاری ہے اور سب سے زیادہ متبادل میڈیا پر ہے۔

ہم خوش ہیں کہ ہمارے دعوت نے ان کی راتوں کی نیندیں حرام کر دی ہیں، اور یہاں پوری امت کو یہ یقین دلانا بہت ضروری ہے کہ حزب کی جانب سے اسلام کے لیے بڑے خدمات، ہزاروں سیاسی سرگرمیوں کی ریکارڈنگ اور 10 سال سے زائد عرصے تک پارٹی کے واقعات، جو یوٹیوب نے چند سیکنڈز میں خارج کر دیے، امت کی یاد میں محفوظ ہیں اور اس دعوت کی جڑیں تمام امت میں بہت گہری ہو چکی ہیں۔ مسلمانوں کے دشمن اپنے ہی آگ میں جلتے اور مرتے رہیں گے، اور مسلمان اس بات سے خوش ہیں کہ ہم اپنے اس عہد کو برقرار رکھتے ہوئے اپنا کام جاری رکھیں گے، اور ان کے نفرت سے بھرے منصوبوں کی وجہ سے نہیں رکیں گے۔ ان کے حملوں سے ہمیں جو نقصان پہنچتا ہے وہ ہمیں اور مضبوط کرتا ہے اور اپنے مقصد کے حصول کے لیے مزید آگے بڑھنے کے لئے حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ انشاءاللہ ہم جلد ہی واپس آئیں گے، اور انشاءاللہ اپنی ریکارڈنگ کو بہترین انداز میں پھر شائع کریں گے۔

ہم اللہ سے دعا گو ہیں کہ ہمیں اپنی فرمانبرداری میں قبول فرمائے اور اپنے دین کی حمایت میں ہمارے کام کو قبول فرمائے اور اس کے کلامِ حق کو کفار اور ان کے پیروکاروں اور مسلمان ممالک کے ایجنٹوں پر غالب کرے۔ آمین

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

(يُرِيدُونَ أَن يُطْفِؤُواْ نُورَ اللّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَيَأْبَى اللّهُ إِلاَّ أَن يُتِمَّ نُورَهُ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ * هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ)

"یہ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نور کو اپنے منہ سے (پھونک مار کر) بجھا دیں مگر اللہ اپنے نور کو پورا کئے بغیر رہنے والا نہیں۔ اگرچہ کافروں کو برا ہی لگے۔ وہی تو ہے جس نے اپنے پیغمبر کو ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تا کہ اس (دین) کو (دنیا کے) تمام ادیان پر غالب کرے۔ اگرچہ کافر ناخوش ہی ہوں" (التوبہ: 33-32)

ڈاکٹر عثمان بخاش
ڈائریکٹر مرکزی میڈیا آفس
حزب التحریر

المكتب الإعلامي المركزي
حزب التحرير
HIZB-UT-TAHRIR
Central Media Office